نیوز ریلیز

ویکسین کی تیسری خوراکیں 1 ستمبر کو دستیاب ہیں

30 اگست، 2021ء

1 ستمبر سے، کووِڈ-19 ویکسین کے تیسرے ٹیکے اجتماعی نگہداشت کی سہولیات میں رہنے والے تمام بزرگوں اور کمزور مدافعتی نظام والے البرٹنز کیلئے دستیاب ہوں گے۔

البرٹا کی حکومت نے ہمیشہ اپنے انتہائی کمزور افراد کی نگہداشت کو ترجیح دی ہے۔ البرٹا پہلے صوبوں میں سے تھا جنھوں نے اجتماعی نگہداشت کی سہولیات اور کمزور مدافعتی نظام والے بزرگوں کو ویکسینز پیش کیں۔

تیسرا ٹیکہ لگوانا مدافعتی نظام میں اضافہ کرے گا اور اجتماعی نگہداشت کی سہولیات میں رہنے والے تمام بزرگوں اور کمزور مدافعتی نظام والے متاثرہ افراد کے تحفظ کو بہتر بنائے گا۔

اس کے علاوہ، ایم آر این اے کی خوراکیں ان البرٹنز کیلئے دستیاب کی جائیں گی جو ایک ایسے دائرہ اختیار میں سفر کر رہے ہیں جو ایسے وزٹرز کو قبول نہیں کرتا جنہیں کوویشیلڈ/آسٹرازینیکا یا مخلوط خوراکوں کے ساتھ ویکسین لگائی گئی ہے۔

"ہم البرٹنز کو کووِڈ-19 سے بچانے کیلئے پُرعزم ہیں، اور حفاظتی ٹیکے اس تحفظ کو پیش کرنے کا سب سے محفوظ اور مؤثر طریقہ ہے۔ ہم نے ہمیشہ اپنی فیصلہ سازی کی رہنمائی کیلئے تازہ ترین تحقیق پر انحصار کیا ہے، اور اب جبکہ شواہد سے پتہ چلتا ہے کہ کمزور مدافعتی نظام والے افراد اور اجتماعی نگہداشت میں بزرگ تیسرا ٹیکہ لگوانے سے فائدہ اٹھائیں گے، تو ہمیں ان کی فراہمی پر خوشی ہے۔"

ٹائلر شینڈرو (Tyler Shandro)، وزیرِ صحت

"اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ اضافی ٹیکے کمزور مدافعتی نظام والے افراد اور ان عمر رسیدہ البرٹنز کیلئے مضبوط تحفظ فراہم کریں گے جو معاون رہائشی سہولیات میں رہتے ہیں۔ جس طرح ہم نے ان افراد کو پہلے کووِڈ-19 ویکسین تک رسائی اور ٹیکوں کے درمیان چار ہفتوں کے مختصر وقفے کی پیشکش کی تھی، نئے اعداد و شمار سامنے آنے کے ساتھ ہی ہم تمام البرٹنز کی حفاظت کیلئے کام جاری رکھیں گے۔ تاہم، ہمارے لئے ایک دوسرے کی حفاظت کا بہترین طریقہ اب بھی زیادہ سے زیادہ لوگوں کو مکمل طور پر حفاظتی ٹیکے لگانا ہے۔"

ڈاکٹر ڈینا ہِنشا (Dr. Deena Hinshaw)، چیف میڈیکل آفیسر آف ہیلتھ

اجتماعی نگہداشت میں رہنے والے بزرگ

اجتماعی نگہداشت کی سہولیات میں رہنے والے بزرگ اپنے دوسرے ٹیکے کے تقریباً پانچ ماہ بعد اپنا تیسرا ٹیکہ لگوانے کے اہل ہوں گے۔ اہلیت رکھنے والے رہائشی اپنی سہولیات پر اپنا تیسرا ٹیکہ لگوائیں گے۔

کمزور مدافعتی نظام کی حالتیں

کمزور مدافعتی نظام کی حالتیں جو اپنے دوسرے ٹیکے کے کم از کم آٹھ ہفتوں کے بعد اضافی ٹیکے کیلئے اہل ہیں ان میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- ٹرانسپلانٹ کروانے والے، بشمول ٹھوس اعضاء کی پیوندکاری اور ہیماٹوپوائٹک سٹیم سیل ٹرانسپلانٹس۔
- گردوں کی دائمی بیماری میں مبتلا افراد جو معمول کا ڈایالیسس کروا رہے ہیں۔
- کینسر کا فعال علاج کروانے والے افراد (کیموتھراپی، امیونوتھراپی یا اہدافی تھراپیز) ان افراد کو چھوڑ کر جو صرف ہارمونل تھراپی، تابکاری تھراپی یا سرجری کروا رہے ہیں۔
- آٹو امیون امراض کیلئے مخصوص ادویات لینے والے افراد، بشمول ریتوکسیماب، اوکریلی زوماب اور اوفاتوموماب۔

سفری حفاظتی ٹیکے

البرٹا میں استعمال ہونے والی کسی بھی باضابطہ ویکسین کے دو ٹیکے لگوانے والے البرٹنز کو ایک مکمل سیریز لگوانے والے افراد سمجھا جاتا ہے۔

تاہم، کینیڈا سے باہر کی کچھ عملداریوں نے واضح کیا ہے کہ وہ ان وزٹروں کو قبول نہیں کریں گے جنہیں کوویشیلڈ/ آسٹرازینیکا یا مخلوط ویکسین کے ٹیکے لگائے گئے ہیں۔

ایم آر این اے کے اضافی ٹیکے دوسرے ٹیکے کے کم ازکم 28 دنوں بعد البرٹنز کو فراہم کئے جائیں گے جو ایک ایسی عملداری میں سفر کر رہے ہیں جو ان وزٹروں کو قبول نہیں کرتی جنہیں کوویشیلڈ/ آسٹرازینیکا یا مخلوط ٹیکے لگائے گئے ہیں۔

فوری حقائق

- 118,000 افراد ایسے ہیں جو کووِڈ-19 ویکسین کی اضافی خوراک کیلئے اہل ہوں گے جو کمزور مدافعتی نظام والے ہیں (تقریباً 60,000 البرٹنز) اور وہ جو بزرگوں کی معاون رہائشوں میں رہتے ہیں (جو تقریباً 58,000 البرٹنز ہیں)۔
- آج تک، 12 سال سے زائد عمر کے 77.9 فیصد البرٹنز نے کووِڈ-19 ویکسین کا کم ازکم ایک ٹیکہ لگوایا ہے اور 69.7 فیصد نے دو ٹیکے لگوائے ہیں۔
- حفاظتی ٹیکوں کے ریکارڈ مائی ہیلتھ ریکارڈز کے ذریعے دستیاب ہیں۔ البرٹنز جو سفر کر رہے ہیں وہ اپنا کاغذی ریکارڈ بھی استعمال کر سکتے ہیں جو حفاظتی ٹیکے لگانے کے وقت فراہم کیا گیا تھا۔

متعلقہ معلومات

- اپنی کووِڈ-19 ویکسین کی اپوائنٹمینٹ بک کروائیں

میڈیا انکوائریز

اسٹیو بیوئیک (Steve Buick)
780-288-1735
سینئر پریس سیکریٹری، ہیلتھ

مزید ترجمہ شدہ حکومتی وسائل کیلئے، براہِ کرم ملاحظہ کریں: *https://www.alberta.ca/covid-19-translated-resources.aspx.*